# بائبل مقدس کی تمام کُتب میں یسوع المسیح کی موجودگی

☆ پیدائش: یسوع مسیح زندگی کا دم اور عورت کی نسل ہے۔
☆ خروج: وہ فسح کا برّہ ہے۔
☆ احبار: ہمارا سردار کاہن ہے۔
☆ گنتی: دن میں بادل کا سائبان اور رات میں آگ کا ستون۔
☆ استثنا: وہ موسیٰ جیسا نبی ہے۔
☆ یشوع: وہ ہماری نجات کا سالار ہے۔
☆ قضاۃ: وہ ہمارا منصف اور آئین بخشنے والا ہے۔
☆ روت: وہ ہمارا رشتہ دار (اپنا) نجات دہندہ ہے۔
☆ 1-2 سموئیل: وہ ہمارا قابلِ بھروسا نبی ہے۔
☆ سلاطین اور تواریخ: وہ ہمارا بااختیار بادشاہ ہے۔
☆ عزرا: وہ سچا اور وفادار مُنشی (محرر) ہے۔
☆ نحمیاہ: وہ ہماری زندگی کی گری ہوئی دیواروں کو دوبارہ تعمیر کرنے والا ہے
☆ آستر: وہ مردکی کی طرح ہمارا حوصلہ ہے۔
☆ ایوب: وہ ہمارا ابدی کفارہ دینے والا ہے۔
☆ زبور: وہ ہمارا چوپان اور صبح کا گیت ہے۔
☆ امثال: وہ ہماری حکمت ہے۔
☆ واعظ: وہ وقت اور موسم ہے۔
☆ غزل الغزلات: وہ پیار کرنے والا دلہا ہے۔
☆ یسعیاہ: وہ سلامتی کا شہزادہ ہے۔
☆ یرمیاہ: وہ صادق شاخ ہے۔
☆ نوحہ: وہ نوحہ کرنے والا نبی ہے۔
☆ حزقی ایل: وہ چار عجیب چہروں والا مرد ہے۔
☆ دانی ایل: وہ آگ کی جلتی بھٹی میں سب سے آگے کھڑا ہوا شخص ہے۔

☆ ہوسیع: وہ بے وفاؤں کے ساتھ بھی ابدی نامزدگی کرتا ہے۔

☆ یوایل: وہ روح القدس اور آگ سے بپتسمہ دینے والا ہے۔

☆ عاموس: وہ ہمارا بوجھ اٹھانے والا ہے۔

☆ عبدیاہ: وہ بچانے میں زورآور ہے۔

☆ یوناہ: وہ ہمارا دُوردراز کا عظیم مبشر (مشنری) ہے۔

☆ میکاہ: اُس کے خوشنما قدموں سے خوشخبری لانے والا ہے۔

☆ ناحوم: وہ خدا کے برگزیدہ لوگوں کا بدلہ لینے والا ہے۔

☆ حبقوق: وہ خدا کا ایسا مبشر ہے جس کی پکار یہ ہے کہ "اپنے کاموں کو رواں زمانوں میں بحال کرو۔"

☆ صفنیاہ: وہ ہمارا بچانے والا ہے۔

☆ حجّی: وہ خدا کی کھوئی ہوئی میراث کا بحال کرنے والا ہے۔

☆ زکریاہ: وہ گناہ اور ناپاکی کو دور کرنے کے لئے داؤد کے گھرانے میں پھوٹنے والا چشمہ ہے۔

☆ ملاکی: وہ آفتابِ صداقت ہے جو اپنی کرنوں سے شفا جاری کرتے ہوئے طلوع ہوتا ہے۔

☆ متی: وہ یہودیوں کا بادشاہ ہے۔

☆ مرقس: وہ خادم ہے۔

☆ لوقا: وہ ابنِ آدم ہے اور آپ ہی کی طرح احساسات رکھتا ہے۔

☆ یوحنا: وہ ابنِ خدا ہے۔

☆ اعمال: وہ دنیا کا نجات دہندہ ہے۔

☆ رومیوں: وہ خدا کی راستبازی ہے۔

☆ 1 کرنتھیوں: وہ اسرائیل کے ساتھ ساتھ چلنے والی چٹان ہے۔

☆ 2 کرنتھیوں: وہ ایسا فتح مند ہے جو فتح مندی بخشتا ہے۔

☆ گلتیوں: وہ آپ کی رہائی ہے، وہ آپ کو آزاد کرتا ہے۔

☆ افسیوں: وہ کلیسیا کا سر ہے۔

☆ فلپیوں: وہ آپ کی شادمانی (خوشی) ہے۔

☆ کلسیوں: وہ آپ کی کاملیت ہے۔

☆ 1-2 تھسلنیکیوں: وہ آپ کی امید ہے۔

☆ 1 تیمتھیس: وہ آپ کا ایمان ہے۔

☆ 2 تیمتھیس: وہ آپ کا استحکام ہے۔

☆ فلیمون: وہ آپ کا معاون ہے۔
☆ ططس: وہ سچائی ہے۔
☆ عبرانیوں: وہ آپ کمال بخشنے والا ہے۔
☆ یعقوب: وہ آپ کے ایمان کی پوشیدہ قوت ہے۔
☆ 1 پطرس: وہ آپ کے لئے نمونہ ہے۔
☆ 2 پطرس: وہ آپ کی پاکیزگی ہے۔
☆ 1 یوحنا: وہ آپ کی زندگی ہے۔
☆ 2 یوحنا: وہ آپ کے لئے مثال ہے۔
☆ 3 یوحنا: وہ آپ کی تحریک ہے۔
☆ یہوداہ: وہ آپ کے ایمان کی بنیاد ہے۔
☆ مکاشفہ: وہ بادشاہوں کا بادشاہ اور خداوندوں کا خداوند ہے۔

☆ وہ اول و آخر، ابتدا و انتہا ہے!
☆ وہ سب مخلوقات کا سنبھالنے اور خلق کرنے والا ہے!
☆ وہ کائنات کا معمار اور سب زمانوں کا منتظم ہے۔
☆ وہ تھا، وہ ہے اور وہ آنے والا ہے...........
☆ مستعد، لاتبدیل، ناقابلِ شکست اور اُس پر کبھی بربادی نہیں آسکتی!
☆ اُسے گھائل کیا گیا تاکہ شفا مہیا کر سکے !
☆ اُسے چھیدا گیا تاکہ ہم آرام پائیں!
☆ اُس پر ظلم کیا گیا تاکہ ہماری رہائی ہو!
☆ وہ مر گیا تاکہ ہمیں زندگی بخشے!
☆ وہ جی اٹھا ہے تاکہ ہمیں زور (اختیار) بخشے!
☆ وہ بادشاہی کرتا اور سلامتی بخشتا ہے!
☆ دنیا اُسے سمجھ نہیں سکتی،
☆ افواج اُسے شکست نہیں دے سکتیں،
☆ درسگاہیں اُس کی تشریح نہیں کر سکتیں، اور

☆ قائدین اُسے نظر انداز نہیں کر سکتے۔

☆ ہیرودیس اُسے مار نہ سکا،

☆ فریسی اُسے الجھن میں نہ ڈال سکے، اور

☆ لوگ اُسے روک نہ سکے!

☆ نیرو اُسے کچل نہ سکا،

☆ ہٹلر اُسے خاموش نہیں کر سکا،

☆ جدید دور اُس کا متبادل نہ ہو سکا، اور

☆ Donahue ڈوناہو (معروف امریکی ٹی وی میزبان) اُس کی وضاحت نہیں کر سکتا!

☆ وہ نُور، محبت، ابدالآباد اور خداوند ہے۔

☆ وہ بھلا، رحیم، پاکیزہ اور خدا ہے۔

☆ وہ مقدس، راستباز، قوی، اختیار والا اور پاک ہے۔

☆ اُس کی راہیں صادق اور اُس کا کلام ابدی ہے،

☆ اُس کا ارادہ لاتبدیل اور خیال مجھ پر مرکوز ہے۔

☆ وہ میرا فدیہ دینے والا اور نجات دہندہ ہے،

☆ وہ میرا راہنما اور میری سلامتی ہے!

☆ وہ میری خوشی اور میرا اطمینان ہے،

☆ وہ میرا خداوند ہے جو میری زندگی پر حاکم ہے!

★ میں اس لئے اُس کی خدمت کرتا ہوں کیونکہ اُس کی غلامی محبت کی ہے،

★ اُس کا بوجھ ہلکا ہے اور میرے لئے اُس کا مقصد کثرت کی زندگی ہے۔

★ میں اس لئے اُس کی پیروی کرتا ہوں کیونکہ وہ:

☆ حکیموں کی حکمت ہے،

☆ زور آور کا زور ہے،

☆ قدیم الایام ہے،

☆ حاکموں کا حاکم ہے،

☆ راہنماؤں کا راہنما ہے،

☆ غالب آنے والوں کا نگران ہے، اور

☆ وہ ماضی، حال اور آنے والے زمانوں پر حاکمِ اعلیٰ خداوند ہے۔

★ اُس کا مقصد یہ ہے کہ میرا اُس کے ساتھ تعلق ہو!

★ وہ مجھے کبھی نہ چھوڑے گا،

☆ نہ مجھ سے دستبردار ہوگا،

☆ نہ مجھے بھٹکائے گا،

☆ نہ مجھے فراموش کرے گا،

☆ نہ مجھے نظرانداز کرے گا،

☆ اور اپنی کتاب میں سے میرا نام کبھی نہ مٹائے گا اور مجھ سے ملے گا!

★ جب میں گر جاؤں تو وہ مجھے اٹھا کھڑا کرتا ہے!

★ جب میں خطا کروں، وہ معاف کرتا ہے!

★ جب میں کمزور ہوں، وہ زورآور ہوتا ہے!

★ جب میں کھو جاتا ہوں، وہ میرا راستہ ہے!

★ جب میں خوفزدہ ہوتا ہوں، وہ میری دلیری ہے!

★ جب میں جھجکتا ہوں، وہ میری روانی بن جاتا ہے!

★ جب مجھے چوٹ پہنچے تو وہ مجھے شفا دیتا ہے!

★ جب میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتا ہوں، وہ مجھے بحال کرتا ہے!

★ جب میں نابینا ہوں تو وہ مجھے راہ دکھاتا ہے!

★ جب میں بھوکا ہوں، تو وہ مجھے کھانا کھلاتا ہے!

★ جب میں دکھوں میں پڑوں، وہ میرے ساتھ ہوتا ہے!

★ جب مجھے اذیت دی جائے، وہ میری ڈھال بن جاتا ہے!

★ جب میں مشکلات میں پھنس جاؤں، وہ مجھے اطمینان بخشتا ہے!

★ جب میں نقصان اٹھاؤں، تو وہ میرا بندوبست کرتا ہے!

★ جب مجھے موت کا سامنا ہو، وہ مجھے اپنے گھر لے جاتا ہے!

2 تیمتھیس 3:16-17 ہر ایک صحیفہ جو خدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے تا کہ مردِ خدا کامل بنے اور ہر ایک نیک کام کے لئے بالکل تیار ہو جائے۔